# حکومت اقدامات میں نرمی کر رہی ہے

ابھی بھی قومی اقدامات کی ضرورت موجود ہے۔ آنے والے ہفتوں میں انفیکشن کی بلند سطح متوقع ہے، لیکن معاشرے کے طور پر ہم انفیکشن کو بہتر طور پر برداشت کر سکتے ہیں۔ اس لیے مزید نرمیاں کی جا سکتی ہیں۔

۔ اقدامات میں نرمی کرتے وقت ہم بچوں، نوجوانوں اور ملازمتوں کو ترجیح دیں گے۔ علاوہ ازیں ہم بچوں اور نوجوانوں کے کھیل کی سرگرمیوں کو مزید ترجیح دیں گے۔ ہم کالجوں اور تعلیم بالغاں کے لیے سبز سطح ، اور بارنے ہاگے اور اسکولوں کے لیے پیلی سطح تجویز کرتے ہیں۔ بلدیات انفیکشن کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے اقدامات کا فیصلہ کریں۔ اس کے ساتھ ہی ہم قرنطینہ کے قواعد میں بھی نرمی کر رہے ہیں اور بلدیات سے درخواست کرتے ہیں کہ زیادہ انفیکشن والے علاقوں میں وسائل کو ترجیح دیں۔ وزیراعظم یوناس گہار ستورے

اقدامات میں کی جانے والی حکومتی ترامیم محکمہ برائے صحت اور ادارہ برائے صحت عامہ کی مشوروں پر مبنی ہیں۔ حکومت اقداماتی سطح کا مسلسل جائزہ لے رہی ہے، لیکن فروری کے اوائل میں از سر نو مکمل جائزہ لے گی۔

## اومیکرون کی صورتحال کے بارے میں مزید معلومات

ادارہ برائے صحت عامہ انفیکشن کی شرح میں بڑھوتری کی توقع کر رہا ہے، لیکن واضح کرتا ہے کہ وائرس کم سنگین بیماری کا سبب بنے گا۔ اس کے ساتھ ہی اسپتالوں میں مزید داخلے ہوں گے جب آنے والے ہفتوں میں زیادہ افراد بیمار ہوں گے۔

۔ہم وبائی مرض کے نئے مرحلے میں ہیں۔ ہمیں معلوم ہے کہ اومیکرون کم سنگین بیماری کا باعث بنتا ہےاور متوقع طور پر اسپتالوں میں داخلوں میں کمی ہوگی۔ آخری چار ہفتوں میں ایک میلین سے زائد نارویجنوں نے ویکسین لگوائی ہے اور ریپڈ ٹیسٹوں تک رسائی بھی بڑھ گئی ہے۔ ویکسین سنگین بیماری کے خلاف بہت اچھا تحفظ فراہم کرتی ہے، وزیراعظم نے کہا۔

## صلاحیت میں درپیش مسائل

موسم سرما میں چلنے والی اومیکرون کی لہر کا روکنا ممکن یا مطلوبہ نہیں ہے۔ ہمیں مزید مریض، بیماری کی وجہ سے چھٹیاں کرنے والے ملازمین اور شعبہ صحت پر دباو کا سامنا رہے گا، اگرچہ اعدادوشمار سے وابستہ غیریقینی صورتحال اب بھی موجود ہے۔ سردیوں کے دوران ہینڈلنگ میں اب کم سے کم اقدامات کی مداخلت کی صورت میں وباء کو کم کرنا ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ زیادہ افراد بیماری سے بچیں تاکہ صحت و نگہداشت کے شعبہ اور معاشرے پر دباو زیادہ نہ بڑھے۔

۔ اسی لیے محکمہ برائے صحت اور ادارہ برائے صحت عامہ کا ماننا ہے کہ زیادہ تر اقدامات جاری رہنے چاہییں، لیکن کچھ آسانیاں بھی تجویز کرتے ہیں۔ اہم بات یہ ہے کہ انفیکشن کنٹرول کے اقدامات کا مجموعہ کنٹرول کو برقرار رکھنے میں معاون ہے، کہنا تھا وزیر برائے صحت و نگہداشت اینگول شرکول کا۔

جو تبدیلیاں ابھی کی جا رہی ہیں، وہ قومی سطح پر ہیں۔ بلدیات کے پاس ابھی بھی مقامی طور پر سخت اقدامات متعارف کروانے یا جاری رکھنا ممکن ہے۔

## بیماری کی صورت میں چھٹی اور قرنطینہ کے قوانین میں تبدیلی

حکومت TISK کی حکمت عملی میں کچھ تبدیلیاں کر رہی ہے۔ دوسری چیزوں کے علاوہ، ہم قرنطینہ کے قوانین کو تبدیل کر رہے ہیں تاکہ جانچ زیادہ حد تک قرنطینہ کی جگہ لے سکے۔

۔آنے والے مہینوں میں بہت لوگ بیمار ہوں گے اور ملازمتوں سے چھٹیوں کی شرح بڑھ جائے گی۔ تمام صنعتوں اور کاروباری اداروں کو اس کے لیے تیار رہنا چاہیئے۔ مشکل حالات میں ممکنہ حد تک معمول کے آپریشن کو برقرار رکھنے کے لیے منصوبہ بندی کرنی چاہیے۔ حکومت اب انفیکشن قرنطینہ کے تقاضوں میں جو تبدیلیاں کر رہی ہے، اس سے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو معمول کے مطابق زندگی گزارنے میں مدد ملے گی، حالانکہ معاشرے میں انفیکشن بہت زیادہ ہے، کہنا تھا وزیر برائے صحت و نگہداشت کی خدمات کا ۔

- TISK کے بارے میں پریس ریلیز دیکھیے

## رات 11 بجے تک شراب پیش کرنے کی اجازت

حکومت نے محکمہ برائے صحت اور ادارہ برائے صحت عامہ کی سفارش پر دسمبر کے وسط میں شراب پیش کرنے پر مکمل پابندی متعارف کروائی تھی۔ اب اداروں کا ماننا ہے کہ اس اقدام میں نرمی کی جا سکتی ہے۔

۔ہم شراب پیش کرنے کے لیے کھول رہے ہیں، لیکن رات 11 بجے تک۔ شراب میزوں پر پیش کی جائے گی، اس طرح سے مہمانوں میں آمدورفت کم ہو گی اور انفیکشن کنٹرول کو یقینی بنایا جا سکتا ہے، شرکول نے کہا

- کورونا سرٹیفکیٹ پر علیحدہ پریس ریلیز دیکھیں۔

# قومی اقدامات درج ذیل ہیں

ان کا اطلاق 14 جنوری جمعہ کی رات سے ہوگا۔ بارنے ہاگے، اسکولوں اور SFO کے لیے کی جانے والی تبدیلیوں کا اطلاق 15 جنوری ہفتہ کی رات سے ہوگا۔ فروری کے شروع میں اقدامات کا ازسرنو جائزہ لیا جائے گا۔

## انفیکشن سے بچاو کے عام مشورے

- ہاتھ دھونے اور کھانسنے کے اچھے حفظان صحت کے اصولوں پر عمل کریں

- ویکسین لگوائیں
- بیماری کی صورت میں گھر پر رہیں
- سانس کی تکلیف کی نئی علامات ظاہر ہونے کی صورت میں کوویڈ-19 ٹیسٹ کروایئں

## فاصلہ اور سماجی رابطہ

- اپنے اہل خانہ اور قریبیوں کے علاوہ سب سے کم از کم 1 میٹر کا فاصلہ رکھنے کی تجویز دی جاتی ہے
- 1 میٹر فاصلے کی تجویز بارنے ہاگے اور پرائمری اسکول کے بچوں پر لاگو نہیں ہوتی
- فاصلے کی تجویز کا اطلاق بچوں، نوجوانوں اور کمزور افراد کے لیے کام کرنے والے بالغوں پر نہیں ہوتا
- سب کو سوچنا چاہیے کہ ان کے کل کتنے قریبی رابطے ہیں
- قریبی رابطوں کو محدود کرنے کی سفارش کی جاتی ہے، مگر خود کو تنہا مت کیجیے
- اپنے اہل خانہ کے علاوہ 10 سے زیادہ مہمان مدعو مت کیجیے
- بارنے ہاگے کے بچے اور پرائمری اسکول کے طلباء (اپنے گروپ) محدوود تعداد کی سفارش سے مستثناء ہیں۔
- اگر آپ اہل خانہ کے علاوہ دوسرے افراد کے ساتھ کسی کمرے میں موجود ہیں تو وقتا فوقتا ہوا لگواتے رہیں۔
- اگر ممکن ہو تو دوسروں سے باہر ملنے کی سفارش کی جاتی ہے
- ہاتھ ملانے سے گریز کرنے کی سفارش کی جاتی ہے
- جن افراد کو سنگین بیماری کا خطرہ ہے اور غیر ویکسین شدہ بالغ افراد کو اپنی حفاظت کرنی چاہیے، بشمول خاص طور پر محتاط رہنا، یا اس سے گریز کرنا: بڑے اجتماعات اور ریستورانوں میں اجتماعات جہاں تجرباتی طور پر سامنے آیا ہے کہ فاصلہ برقرار رکھنا مشکل ہوتا ہے اور بہت زیادہ انفیکشن والے علاقوں میں غیر ضروری سفر کرنا۔اس گروپ کو خود کو تنہا نہیں کرنا چاہیے۔ کچھ سماجی رابطے رکھنا ضروری ہوتا ہے۔
- رش ہونے کی صورت میں پبلک ٹرانسپورٹ کے استعمال سے گریز کرنے کی سفارش

## ماسک

- دوکانوں، خریداری مراکز، کھانے کی جگہوں، پبلک ٹرانسپورٹ، ٹیکسی اور زیرزمین اسٹیشنوں پر 1 میٹر فاصلہ رکھنا ممکن نا ہو تو ماسک کا استعمال لازم ہوگا۔ اگر جسمانی روکاوٹوں کا استعمال نہیں کیا گیا تو ملازمین پر لازمی ماسک پہننے کا اطلاق ہوگا۔
- کھانے کی جگہ پر میز پر ماسک لگانے کا تقاضہ نہیں کیا جاتا۔

## منظم کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کا اہتمام

- اگر ممکن ہو تو تفریحی سرگرمیاں باہر کریں

بچے اور 20 سال سے کم عمر نوجوان:

- بیرون خانہ سرگرمیاں معمول کے مطابق کر سکتے ہیں
- اندرون خانہ سرگرمیوں کے لیے 20 افراد کی تعداد یا مخصوص گروپ / جماعت
- اندورن خانہ سرگرمیوں میں جہاں جسمانی رابطے کی ضرورت ہو کی جا سکتی ہیں۔

20 سال سے زائد عمر کے بالغ:

- اندرون خانہ 20 افراد کی تعداد اور 1 میٹر فاصلہ تجویز دی جاتی ہے۔ سخت تربیت کے دوران 2 میٹر فاصلے کے لیے انتظامات کیے جایئں۔
- بالغ افراد بیرون خانہ سرگرمیاں معمول کے مطابق سرانجام دے سکتے ہیں
- اعلیٰ سطح کے کھیلوں کی سرگرمیاں انفیکشن کنٹرول اقدامات کے ساتھ سر انجام دی جا سکتیں ہیں۔

بارنے ہاگے، اسکول اور SFO

- بارنے ہاگے، پرائمری اور لوئر سیکنڈری اسکولوں اور SFO میں پیلے رنگ کے لیے قومی پیمائش کی سطح کو مزید ریگولیٹ نہیں کیا گیا ہے۔
- اپر سیکنڈری اسکولوں میں قومی کارروائی کی سرخ سطح کو مزید ریگولیٹ نہیں کیا گیا ہے۔
- انفیکشن کنٹرول مناسب آپریشن کی مسلسل ضروریات
- بارنے ہاگے اور پرائمری اور لوئر سیکنڈری اسکولوں میں پیلے رنگ کی سطح کے لیے قومی سفارش جہاں مقامی طور پر انفیکشن کی صورتحال اس کی نشاندہی کرتی ہے، لیکن بلدیات مقامی صورت حال کے مطابق اپنی تشخیص خود کر سکتے ہیں۔
- اعلیٰ ثانوی اسکولوں اور بالغوں کی تعلیم میں سبز سطح کے لیے قومی سفارش، لیکن بلدیات کو مقامی صورتحال کے مطابق اپنے جائزے خود کرنا ہوں گے۔

- اسکولوں اور بارنے ہاگے میں باقاعدگی سے ٹیسٹنگ کا استعمال زیادہ حد تک ان علاقوں میں کیا جائے گا جہاں انفیکشن کا زیادہ دباؤ ہے
- بلدیات سے کہا جاتا ہے کہ وہ انفیکشن کی صورتحال میں تبدیلی پر نظر رکھیں اور تبدیلی کے مطابق اقدامات کی سطح کو ایڈجسٹ کریں۔ بانے ہاگے اور اسکولوں کو سخت اقدامات کی تیز رفتار منتقلی کے لیے تیار رہنا چاہیے۔

## اعلیٰ تعلیم

- انفیکشن کنٹرول کے پیشہ وارانہ طریقہ کار کے ساتھ
- کالج، یونیورسٹیوں اور پیشہ وارانہ تعلیمی اداروں کو مزید جسمانی حاضری کے ساتھ تعلیم دینے کے لیے تجاویز
- عام انفیکشن پر قابو پانے کے مشورے پر عمل کیا جا رہا ہے: ہوا بازی، فاصلہ اور علامات کی صورت میں گھر پر رہنا۔
- بشرطیکہ ٹیسٹوں تک کافی رسائی ہو، طلباء کی باقاعدہ جانچ کی سہولت فراہم کرنے کی سفارش کی جاتی ہے۔ ٹیسٹ طلباء کو دیئے جانے چاہئیں اور کیمپس میں ٹیسٹ تک آسان رسائی ہونی چاہیئے۔
- کلاس رومز میں چھوٹے گروپس/سوال حل کرنا/سیمینارز 1 میٹر کے فاصلے کے ساتھ زیادہ سے زیادہ 30 افراد تک محدود ہونے چاہئیں۔ درس کے نفاذ کے لیے جہاں ضروری ہو وہاں سے فاصلے کی سفارش کو ہٹایا جا سکتا ہے۔
- بڑے آڈیٹوریم میں پڑھانے کے لیے، مقررہ مختص نشستوں کے ساتھ عوامی تقریبات کی تعداد کی حد لاگو ہوتی ہے، اور انفیکشن کنٹرول آپریشن کے تقاضے لاگو ہوتے ہیں۔

## کاروباری زندگی

- آجروں کے لیے لازم ہے کی اس بات کو یقینی بنایئں کہ ملازمین گھر سے کام کریں اگر یہ عملی طور پر ممکن ہو اور ملازمت کی جگہ پر اہم اور ضروری سرگرمیوں میں رکاوٹ نہ ڈالے، بشمول بچوں اور کمزور افراد کی دیکھ بھال اور تفریحی سرگرمیوں کے۔
- گھر سے ملازمت اور چہرے کا ماسک ان خدمات پر لاگو نہیں ہوتا جہاں پہ ملازمین کو کمزور گروپوں اور بچوں اور نوجوانوں کے ساتھ ملاقاتوں میں ضروری اور قانونی کام انجام دینے میں رکاوٹ ہو۔
- 1 میٹر فاصلے کی سفارش کی جاتی ہے
- اگر فاصلہ رکھنا ممکن نہ ہو تو چہرے کے ماسک کے لیے تجویز، جب تک کہ جسمانی رکاوٹیں جیسے پارٹیشنز یا اس جیسی چیزوں کا استعمال نہ کیا گیا ہو۔
- چہرے کے ماسک پہننے کے احکامات کام کی زندگی کے کچھ عوام سے منسلک مبنی حصوں میں لاگو ہوتے ہیں۔ ذیل میں "ماسک" کے تحت بحث دیکھیں۔
- اگر اہل خانہ یا قریبی افراد کے علاوہ دوسروں کے ساتھ کسی کمرے میں موجود ہوں تو ہوا لگواتے رہیں۔

## تقریبات اور اجتماعات

- انفیکشن کنٹرول، فاصلہ اور ماسک کا تقاضہ کیا جاتا ہے
- سماجی اجتماع اور تقاریب میں شمولیت کو محدود کریں
- نجی اجتماعات /تقاریب سرکاری جگہ، ادھار یا مستعار لیے گئے ہال:

اندرون خانہ :زیادہ سے زیادہ 30 افراد، یادگاری رسومات میں زیادہ سے زیادہ 50 افراد

بیرون خانہ: زیادہ سے زیادہ 50 افراد

اندرون خانہ میں شامل حاضرین کے لیے ماسک کا استعمال لازم

- اندرون خانہ عوامی تقریبات:

بغیر مخصوص نشیستوں کے: زیادہ سے زیادہ 30 افراد

مخصوص تفویض شدہ نشیستوں کے ساتھ: زیادہ سے زیادہ 200 افراد

سامعین کے لیے ماسک لازم

- مختلف مقامات سے 20 سال سے کم عمر کے بچوں اور نوجوانوں کو اکٹھا کرنے والی منظم تفریحی سرگرمیوں سے متعلق انڈور ایونٹس کو ملتوی یا منسوخ کرنے کی کوئی سفارش نہیں ہے۔
- ٹیم کے کھیلوں کے لیے، صرف انفرادی میچوں کی سفارش کی جاتی ہے، نہ کہ ٹورنامنٹ، کپ وغیرہ۔ انفرادی کھیلوں کے لیے، مقابلوں کے گروپ سائز کو محدود کرنے کی سفارش کی جاتی ہے۔
- ان ڈور عوامی ثقافتی یا کھیلوں کی تقریبات میں کھلاڑی اور کوئی بھی معاون عملہ جہاں 20 سال سے کم عمر کے بچے اور نوجوان سرگرمی انجام دیتے ہیں ان لوگوں کی کل تعداد میں شامل نہیں ہیں جو ایونٹ میں موجود ہو سکتے ہیں۔
- ٹیم کے کھیلوں کے لیے، صرف انفرادی میچوں کی سفارش کی جاتی ہے، نہ کہ ٹورنامنٹ، کپ وغیرہ۔ انفرادی کھیلوں کے لیے، مقابلوں کے گروپ تعداد کو محدود کرنے کی سفارش کی جاتی ہے۔
- ان ڈور عوامی ثقافتی یا کھیلوں کی تقریبات میں کھلاڑی اور کوئی بھی معاون عملہ جہاں 20 سال سے کم عمر کے بچے اور نوجوان سرگرمی انجام دیتے ہیں ان لوگوں کی کل تعداد میں شامل نہیں ہیں جو ایونٹ میں موجود ہو سکتے ہیں۔
- انڈور ثقافتی اور کھیلوں کی تقریبات میں کھلاڑیوں کے لیے فاصلہ کی ضرورت میں مستثنیات ہیں۔
- 20 سال سے کم عمر کے بچوں اور نوجوانوں کے لیے منظم ثقافتی، کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں سے منسلک آؤٹ ڈور ایونٹس شرکاء کے لیے تعداد کی حد کے بغیر اور بالغوں کی ضروری تعداد کے ساتھ ہو سکتے ہیں۔ اگر وہاں 100 سے زیادہ لوگ موجود ہوں تو، عوامی مقامات یا بیت الخلا کی سہولیات کے علاوہ اندرونی سہولیات کے استعمال کے لیے کوئی انتظام نہیں کیا جائے گا۔

## عوامی ٹرانسپورٹ

- رش ہونے کی صورت میں پبلک ٹرانسپورٹ کے استعمال سے گریز کریں
- اگر 1 میٹر کا فاصلہ رکھنا ممکن نہ ہو تو ماسک کا تقاضہ کیا جاتا ہے
- ٹیکسی میں ڈرائیور اور سواری دونوں پر ماسک کا استعمال لازم ہے

## کھانے کی جگہ

- جن جگہوں کے پاس شراب پیش کرنے کا لائسنس ہے وہاں 11 بجے رات کے بعد شراب پیش کرنے پر پابندی، اور ان جگہوں پر زیادہ سے زیادہ 11:30 رات تک پینے کو ختم کرنا ہوگا۔
- شراب صرف میزوں پر پیش کی جائے گی
- کھانے کی جگہوں کو یقینی بنانا ہوگا کے اہل خانہ اور قریبیوں کے علاوہ باقی افراد کے درمیان 1 میٹر کا فاصلہ لازمی ہو۔
- جہاں 1 میٹر فاصلہ رکھنا ممکن نہ ہو وہاں ماسک لازم ہے، ماسوائے اپنے میز پر بیٹھے ہوئے۔
- جو مہمان اس کی اجازت دیتے ہیں ان کا اندراج کرنے کی ذمے داری

## قرنطینہ اور جانچ

- قریبی رابطے جو گھر کے افراد ہیں یا متاثرہ شخص کے قریبی ہیں انھیں آخری قریبی رابطے کے بعد 10 دن تک قرنطینہ انفیکشن میں رہنا چاہیے۔
- ان افراد کو جلد از جلد گھر پر کیے جانے ٹیسٹ کے زریعے اپنی جانچ کرنی چاہیے، ریپڈ ٹیسٹ جو شعبہ صحت کا عملہ لے یا پی سی آر ٹیسٹ کروانا چاہیے۔ ایسا ٹیسٹ جو متاثرہ کے قریبی رابطہ ہونے کی صورت میں 7 دن بعد لیا گیا ہو منفی آنے کی پر قرنطینہ ختم کر سکتے ہیں۔
- قرنطینہ کی ذمے داری پچھلے 3 مہینوں میں کوویڈ-19 گزارنے والوں پر لاگو نہیں ہوتی
- جن افراد کو متاثرہ کے قریبی رابطہ ہونے سے کم از کم ایک ہفتہ پہلے بوسٹر خوراک لگی ہو وہ ان پر قرنطینہ کی ذمے داری عائد نہیں ہوتی، اور جو روزانہ اپنا ٹیسٹ کرتے ہوں، ریپڈ ٹیسٹ صحتی عملے کے زریعے یا ہر دوسرے دن پی سی آر ٹیسٹ کے زریعے قریبی رابطہ ہونے کے بعد سات دن تک۔
- دیگر چیزوں کے علاوہ، اہم سماجی کاموں میں اہم اہلکاروں پر کچھ خاص استثناء کا اطلاق ہوتا ہے

باقی قریبیوں پر قرنطینہ کی ذمے داری عائد نہیں ہوتی، لیکن قریبی رابطہ ہونے کے 3 دن بعد ٹیسٹ کروانے کی تجویز دی جاتی ہے، اور نیا ٹیسٹ 2 دن بعد (پانچویں دن)۔ 10 دنوں تک علامات پر خاص توجہ دیں۔ علامات کی صورت میں: گھر پر رہیے اور جانچ کیجیے۔

TISK کے بارے میں علیحدہ آن لائن کیس دیکھیں۔

## انفیکشن کنٹرول ذمے دارانہ طریقہ کار

- انفیکشن کنٹرول کے مناسب آپریشن کا مطلب یہ ہے کہ یہ یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ ایسے لوگوں سے کم از کم 1 میٹر دور رکھنا ممکن ہے جو ایک ہی گھر میں نہیں ہیں یا اسی طرح کے قریبی نہیں ہیں، اور یہ کہ کمپنی نے اچھی حفظان صحت، اچھی صفائی اور وینٹیلیشن کے لیے معمولات تیار کیے ہیں۔
- بارنے ہاگے، اسکولوں اور دیگر تعلیم و تربیت کی سرگرمیوں کے لیے انفیکشن کنٹرول کے لیے مناسب آپریشن کا منشور۔
- تفریحی پارکس، کھیل کے میدان، آرکیڈز اور اس طرح کی چیزیں بند رہیں گی۔
- انڈور گروپ ٹریننگ کے دوران فٹنس سینٹرز، سوئمنگ پول، واٹر پارکس، سپا کی سہولیات، ہوٹل پول، باؤلنگ ایلیز اور اس طرح کی دیگر جگہیں زیادہ سے زیادہ 20 افراد کے لیے کھلے ہوسکتے ہیں۔
- کھلے رہنے کے قابل ہونے کے لیے درج ذیل کمپنیوں کو انفیکشن پروف طریقے سے چلایا جانا چاہیے: لائبریری، عجائب گھر، بینگو ہال، تیراکی کے مراکز، واٹر پارکس، سپا، ہوٹل کا تالاب، جم خانہ، خریداری کے مراکز، دوکانیں، تجارتی میلے، عارضی بازار اور اسی طرح کی دیگر سہولیات۔
- لائبریریوں، عجائب گھروں، دوکانوں اور خریداری کے مراکز کے استثنا کے ساتھ، کمپنیوں کو ان مہمانوں کے لیے رابطہ کی معلومات کا اندراج کرنا چاہیے جو اس سے اتفاق کرتے ہیں۔
- صنعت کے نگرانوں کا مشاہدہ کیا جانا چاہئے مثلاً جم اور سوئمنگ پول۔ عملی طور پر، اس کا مطلب ہے کہ انفیکشن کنٹرول کے لیے سخت تقاضے ہوں گے۔

## داخلہ - ناروے میں آمد

- تمام مسافروں کو ناروے پہنچنے سے پہلے اصولی طور پر رجسٹر ہونا ضروری ہے۔
- تمام مسافروں کو اصولی طور پر ناروے پہنچنے پر خود کو جانچنا چاہیے۔
- وہ مسافر جو تصدیق شدہ کورونا سرٹیفکیٹ کے ساتھ دستاویز نہیں کر سکتے کہ وہ مکمل طور پر ویکسین کر چکے ہیں یا گزشتہ 6 مہینوں میں کوویڈ 19 سے گزر چکے ہیں، اصولی طور پر ناروے کے لیے روانہ ہونے سے پہلے ان کا ٹیسٹ بھی کرانا چاہیے۔

- وہ مسافر جو قرنطینہ کی ذمہ داری کے ساتھ کسی ملک سے آتے ہیں اور جو تصدیق شدہ کورونا سرٹیفکیٹ کے ساتھ دستاویز نہیں کرسکتے ہیں کہ انھوں نے مکمل طور پر ویکسین لگائی ہے یا گزشتہ 6 مہینوں میں کوویڈ 19 سے گزر چکے ہیں، اصولی طور پر ان کاداخلے کے قرنطینہ میں جانا ضروری ہے۔

helsenorge.no پر داخلے کے قواعد کے بارے میں مزید پڑھیں

9 دسمبر، 16 دسمبر اور جنوری کے وسط سے اقدامات کی تالیف (پی ڈی ایف) - جلد آرہا ہے